بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۷/۲۰۱۸ مورخہ۲۵/نومبر۲۰۱۹

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = **قرارداد نمبر ۲۷ منجانب حاجی محمد نواز خان۔**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۲۱/نومبر۲۰۱۹ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر ۲۷ منجانب حاجی محمد نواز خان ،رکن اسمبلی بمراد اطلاع وکارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے۔

قرارداد۔

ہرگاہ کہ کوئٹہ چمن شاہراہ کا شمار صوبہ کی اہم قومی شاہراہوں میں ہوتا ہے لیکن اوورلوڈنگ ،اوورا سپیڈ ،قانون پر عمل درآمد کا نہ ہونا اور شاہراہ کی ناقص جیومیٹری کے باعث آئے روز حادثات رونما ہوتے رہتے ہیں جن کے نتیجے میں ابتک سینکڑوں قیمتی جانیں ضائع اور ہزاروں افراد زخمی ہو چکے ہیں جس کی تمام تر ذمہ داری نیشنل ہائی وے اتھارٹی پر اس لیے عائد ہوتی ہے کہ وہ اوورا سپیڈ اور اوورلوڈنگ کو کنٹرول کرنے میں ناکام رہی ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ کوئٹہ تا چمن قومی شاہراہ پر رونما ہونے والے حادثات کی روک تھام کیلئے ہائی وے پولیس کو قانون پر عمل درآمد کرنے کا پابند بنائے نیز ہر تیس کلومیٹر کے فاصلے پر ایمرجنسی ہیلتھ یونٹس کا قیام، کیٹس آئز اور روڈ لائننگ کا کام شروع کرنے کے ساتھ ساتھ مذکورہ قومی شاہراہ کو دورویہ کرنے کو بھی یقینی بنائے تاکہ حادثات کی روک تھام کا مستقل حل ممکن ہو۔

(صفدر حسین)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت حاجی محمد نواز خان رکن اسمبلی/محرک قرارداد۔
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) پرنسل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) چیرمین، نیشنل ہائی وے اتھارٹی، حکومت پاکستان، اسلام آباد
۷) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) سیکرٹری محکمہ قانون و پارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) جنرل منیجر نیشنل ہائی وے اتھارٹی، بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۱) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

〈قادر بخش شاہوانی〉

شریک معتمد، (سوالات)